COVID-19 کے دوران محفوظ طریقے سے ووٹ ڈالنا

انتخابات کا دن **منگل، 3 نومبر 2020 کو ہے۔** آپ کچھ پولنگ سائٹس پر جلدی ووٹ ڈال کر، انتخاب کے دن شخصی طور پر ووٹ ڈال کر، یا گھر سے فاصلاتی ووٹ کی پرچی کے ذریعے ووٹ ڈال کر، محفوظ طریقے سے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

ووٹ ڈالنا آپ کی کمیونٹی کے حالات پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے، جیسے بہتر رہائش، تعلیمی مواقع، نگہداشت صحت اور صحت مند کھانے تک رسائی — یہ سب آپ اور آپ کے خاندان کے لیے بہتر صحت کا باعث بن سکتے ہیں۔

ووٹ ڈالنے کے لیے اندراج کروائیں

اس سال ووٹ ڈالنے کے لیے اندراج کرنے کا آخری دن **جمعہ، 9 اکتوبر، 2020** ہے۔ آپ آن لائن اندراج،شخصی طور پر اندراج یا ڈاک کے ذریعے اندراج کروا سکتے ہیں۔

- اگر آپ کے پاس ڈرائیور لائسنس، اجازت نامہ یا غیر ڈرائیور ID اور سوشل سیکیورٹی نمبر ہے تو آپ voterreg.dmv.ny.gov/MotorVoter ملاحظہ کر کے ووٹ ڈالنے کے لیے **آن لائن انداج** کر سکتے ہیں۔
- **ڈاک کے ذریعے اندراج کے لیے** اندراج فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیےvote.nyc/page/register-vote ملاحظہ کریں۔ آپ لائبریریوں (Bronx، Manhattan، Staten Island، Brooklyn اور Queens میں مقامات تلاش کریں)، پوسٹ آفسز، NYC کی کئی گورنمنٹ ایجنسیز سے بھی فارم حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ 866-868-3692 پر کال کر کے یا سبجیکٹ لائن میں اپنی بورو کا نام لکھ کر vote@boe.nyc.ny.us پر اپنا ڈاک پتہ ای میل کر کے بھی ڈاک کے ذریعے فارم منگوا سکتے ہیں۔
  - مکمل کر لینے کے بعد دستخط شدہ فارم اپنی کاؤنٹی کے انتخابی بورڈ (فارم کے پیچھے والا صفحہ ملاحظہ کریں) کو ڈاک کے ذریعے ارسال کریں۔
  - اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا فارم **جمعہ، 9 اکتوبر، 2020** تک پوسٹ ہو جائے۔
- **یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ کا ووٹ ڈالنے کے لیے پہلے سے اندراج موجود ہے،** nycvotersearch.com ملاحظہ کریں یا 866-868-3692 پر کال کریں۔
- **اپنی پولنگ سائٹ کا مقام** معلوم کرنے کے لیے، findmypollsite.vote.nyc ملاحظہ کریں۔

شخصی طور پر ووٹ ڈالتے ہوئے محفوظ رہنا

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ اور آپ کے آس پاس لوگ محفوظ رہیں، مندرجہ ذیل اقدامات کریں:

- **چہرے پر نقاب پہنیں۔** پولنگ سائٹس میں داخلے کے لیے چہرے کے نقاب درکار ہیں۔ اپنے آس پس کے لوگوں کو تحفظ فراہم کریں اور ٹھیک طریقے سے چہرے پر نقاب پہنیں (اپنے ناک اور منہ پر)۔
- **ہاتھوں کی صحت مند حفظان صحت پر عمل کریں۔** پولنگ سائٹس ہینڈ سینیٹائزر مہیا کریں گی، اور آپ خود بھی لاسکتے ہیں۔ کسی بھی مشترکہ سطحوں کو چھونے سے پہلے اور اس کے بعد ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال کریں، اور گھر پہنچنے کے فورا بعد اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی سے دھوئیں۔ بغیر دھوئے ہاتھوں سے اپنے چہرے کو چھونے سے گریز کریں۔
- **جسمانی فاصلہ قائم رکھنے پر عمل کریں۔** پولنگ کے مقامات اس طرح مرتب کیے جائیں گے کہ جسمانی دوری کو یقینی بنایا جا سکے۔ اپنی پولنگ سائٹ پر رہتے ہوئے ہدایات پر عمل کریں اور دوسروں سے کم سے کم 6 فٹ دور رہیں۔
- **لمبی قطاروں اور ہجوم سے گریز کریں۔** اگر آپ کے لیے ممکن ہے تو انتخابات کے دن سے پہلے **جلدی ووٹ ڈالیں** یا جب آپ کا ووٹنگ سینٹر کم مصروف ہو، عام طور پر آدھی صبح یا سہ پہر کے وقت، تو تب ووٹ ڈالیں۔

- **اگر آپ بیمار ہیں تو گھر پر ہی رہیں۔** ووٹ ڈالنا اہم ہے، لیکن یہ زیادہ اہم ہے کہ گھر چھوڑنے سے پہلے آپ بہتر ہو جائیں اور دوسروں کو بیمار ہونے سے بچانے میں مدد کریں۔ اگر آپ کے پاس فاصلاتی ووٹ کی پرچی نہیں ہے تو اپنے ووٹنگ کے اختیارات کے بارے میں رہنمائی کے لیے اپنی کاؤنٹی کے انتخابی بورڈ کے دفتر سے رابطہ کریں۔

جلدی ووٹ ڈالنا

نیویارک کے باشندوں کے پاس جلد ووٹ ڈالنے کا اختیار موجود ہے۔ جلدی ووٹنگ **ہفتہ، 24 اکتوبر، 2020** کو شروع ہو گی اور **اتوار، 1 نومبر، 2020** کو اختتام پذیر ہو گی۔

- آپ کی جلدی ووٹنگ کی سائٹ آپ کے معمول کے مقام سے مختلف ہو سکتی ہے۔ آپ کو کس سائٹ پر جانا چاہیے، یہ جاننے کے لیے findmypollsite.vote.nyc ملاحظہ کریں۔
- جلدی ووٹنگ کی سائٹس ذیل کے مطابق کھلی ہوں گی:
  - ہفتہ، 24 اکتوبر، 2020، صبح 10بجے سے شام 4 بجے
  - اتوار، 25 اکتوبر، 2020، صبح 10بجے سے شام 4 بجے
  - پیر، 26 اکتوبر، 2020، صبح 7 بجے سے شام 3 بجے
  - منگل، 27 اکتوبر، 2020، دوپہر بارہ بجے سے رات 8 بجے
  - بدھ، 28 اکتوبر، 2020، دوپہر بارہ بجے سے رات 8 بجے
  - جمعرات، 29 اکتوبر، 2020، صبح 10 بجے سے شام 6 بجے
  - جمعہ، 30 اکتوبر، 2020، صبح 7 بجے سے شام 3 بجے
  - ہفتہ، 31 اکتوبر، 2020، صبح 10 بجے سے شام 4 بجے
  - اتوار، 1 نومبر، 2020، صبح 10 بجے سے شام 4 بجے

فاصلاتی ووٹ کی پرچی کے ذریعے گھر سے ووٹ دینا

COVID-19 کی عالمگیر وباء کی وجہ سے، نیو یارک کے تمام باشندوں کے پاس فاصلاتی ووٹ کی پرچی کی درخواست دینے اور ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنےکا اختیار ہے۔

- فاصلاتی ووٹ کی پرچی کی درخواست دینے کا طریقہ جاننے کے لیے، vote.nyc/page/absentee-voting ملاحظہ کریں۔
- آن لائن یا ڈاک، ای میل، فون یا فیکس کے ذریعے فاصلاتی ووٹ کی پرچی کی درخواست دینے کا آخری دن **منگل، 27 اکتوبر، 2020** ہے۔ تاہم، پوسٹ آفس نے متنبہ کیا ہے کہ وہ اس بات کی ضمانت نہیں دے سکتے ہیں کہ آپ اپنے ووٹ کی پرچی بروقت وصول کریں گے جب تک کہ **آپ 20 اکتوبر 2020 سے پہلے درخواست جمع نہ کراوئیں۔**
  - فاصلاتی ووٹ کی پرچی کی شخصی طور پر درخواست دینے کا آخری دن **پیر، 2 نومبر، 2020** ہے۔

ایک بار جب آپ اپنی فاصلاتی ووٹ کی پرچی حاصل کر لیں تو آپ اسے بذریعہ ڈاک یا شخصی طور پر واپس بھیج سکتے ہیں۔ ہدایات پر ٹھیک طرح سے عمل کرنا یقینی بنائیں - یہ آپ کے بیلٹ کی گنتی کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے۔

- اگر آپ اپنے ووٹ کی پرچی کو بذریعہ ڈاک بھیجنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو اس کو **منگل، 3 نومبر، 2020** تک پوسٹ آفس سے بھیج دیا جانا چاہیے، اگرچہ پوسٹ آفس اسکے بروقت موصول ہونے کو یقینی بنانے کے لیے **منگل، 27 اکتوبر، 2020** تک بھیجنے کی سفارش کرتا ہے۔
  - آپ کی فاصلاتی ووٹ کی پرچی کو ڈاک سے بھیجنے کے لیے ڈاک ٹکٹ کی ضرورت **ہو گی**۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس ڈاک ٹکٹ موجود ہیں اور یہ کہ آپ اپنے ووٹ کی پرچی کو ڈاک سے بھیجنے کے لیے درکار مناسب تعداد میں ٹکٹ لگاتے ہیں۔
  - آپ اپنے ووٹ کی پرچی کو nysballot.elections.ny.gov/TrackMyBallot پر ٹریک کرسکتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنا سکیں کہ یہ موصول ہو گئی ہے۔
- ووٹ کی پرچیاں 3 نومبر، 2020 کو شخصی طور پر آپ کی پولنگ سائٹ یا کاؤنٹی کے انتخابی بورڈ کے دفتر میں بھی پہنچائی جا سکتی ہیں۔